نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں کا راولپنڈی کا دورہ

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر میں گندم کی کاشت کے فروغ کے لیے خصوصی مہم جاری ہے۔وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور 30 اکتوبر 2026: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت کمشنر آفس راولپنڈی میں گندم کی کاشت کے فروغ اور مقررہ اہداف کے حصول کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ملک افتخار احمد ایم پی اے و پارلیمانی سیکرٹری برائے زکوٰۃ و عشر، ملک اعتبار خان ایم پی اے، سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں، راولپنڈی ڈویژن کے ڈپٹی کمشنرز، محکمہ زراعت کے ڈائریکٹر جنرلز، متعلقہ افسران، کاشتکاروں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ صوبائی حکومت نے گندم کی مجوزہ قیمت 4500 روپے فی من مقرر کی ہے، جبکہ رواں سیزن کے دوران صوبہ پنجاب میں گندم کی کاشت کا ہدف ایک کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔اسی طرح راولپنڈی ڈویژن کے لیے 16 لاکھ ایکڑ پر گندم کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ فیلڈ فارمیشنز کو مقررہ اہداف سے بھی زائد رقبے پر گندم کی کاشت یقینی بنانے کے لیے خصوصی ٹاسک سونپ دیے گئے ہیں۔

وزیر زراعت نے کہا کہ گندم ملکی غذائی تحفظ کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے اور موجودہ حکومتی اقدامات کے نتیجے میں گندم کی کاشت کاشتکاروں کے لیے ایک منافع بخش عمل بن چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ تصدیق شدہ بیج کے استعمال کو فروغ دینے کے لیے 32 کروڑ روپے کی سبسڈی فراہم کی جارہی ہے، جبکہ پنجاب سیڈ کارپوریشن کا تصدیق شدہ بیج 800 روپے فی بیگ سبسڈی کے بعد 7 ہزار روپے میں دستیاب ہے۔

انہوں نے مزید بتایا کہ 50 لاکھ ایکڑ رقبے کے لیے ڈی اے پی کھاد کی خریداری پر 17 ارب روپے کا اضافی بلاسود قرض فراہم کیا جارہا ہے۔ کسان کارڈ کے ذریعے کاشتکاروں کو فی ایکڑ 3500 روپے اضافی بلاسود قرض کی سہولت بھی دی جارہی ہے، جس سے تقریباً 10 لاکھ کاشتکار مستفید ہوں گے۔

سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے اجلاس کو بتایا کہ خطہ پوٹھوہار میں ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان پر عمل درآمد جاری ہے۔فیلڈ فارمیشنز کے ذریعے گندم کی کاشت کے لیے جاری مہم کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ گندم کی کاشت کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے ڈویژنل اور ضلعی انتظامیہ کا فعال اور عملی تعاون ناگزیر ہے۔

☆☆☆☆